

دُرُود وسَلام
کا حَسِین
گلدستہ
حضرت مولانا محمد بشیر فاروق قادری
بانی سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ
سیلانی
Saylani
مؤلف
مفتی محمد راشد القادری
(اسلامک ریسرچ اسکالر، سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ)


بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

01.jpg

تقریظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

عَلٰی رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَمَّا بَعْدُ !

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم اور مصطفی جانِ رحمت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے صدقے وطفیل یہ کتاب بنام ''درودوسلام کا حسین گلدستہ'' منظرِ عام پر آچکی ہے۔ حضرت ابیّ ابن ابی کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم !اگر میں (فرائض کے علاوہ) اپنا سارا وقت آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم پر درودِ پاک پڑھنے میں صرف کروں تو کیسا ہے آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا: اگر تم ایسا کروگے تو یہ تمہاری پریشانیوں کو کفایت کریگا اور تمہارے گناہوں کو مٹادے گا۔ صاحبِ کتاب مفتی محمد راشد القادری نے درودو سلام کی روایات کو بڑے اَحسن انداز میں جمع کیا ہے۔ اورآخر میں ان روایات کے مصادر ومراجع کو تحریر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے اور اس کے مؤلف مفتی محمد راشد القادری کے علم، عمل، عمر میں مزید برکتیں اور ترقیاں عطا فرمائے۔ آخر میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم تمام انبیاء کرام علیہم السلام، صدّیقین، شہداء وصالحین رضی اللہ عنہم اجمعین کے صدقے وطفیل تمام امّت کی تمام نیک حاجتوں کو پورا فرمائے۔ آمین یاربّ العلمین۔

العارض مولانا محمد بشیر فاروق قادری

بانی سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ



پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَمَّا بَعْدُ !

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم اور مصطفی جانِ رحمت ﷺ کی نظر عنایت کے طفیل درود وسلام کی انمول کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

حضرت سیّدُنا آدم صفی اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے درود وسلام کے طفیل عزت وکرامت کو پایا۔

حضرت سیّدُنا نوح نجی اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام درود وسلام کے توسّل سے ڈوبنے سے محفوظ رہے۔

حضرت سیّدُنا ابراہیم خلیل اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے درود وسلام کے تصدّق سے آگ کو گلزار پایا۔

حضرت سیّدُنا اسماعیل ذبیح اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے درود وسلام کو اپنی جان کا فدیہ جانا۔

حضرت سیّدُنا موسیٰ کلیم اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو درود وسلام کے طفیل اللہ عَزَّ وَجَلَّ سے ہم کلامی کا شرف ملا۔

حضرت سیّدُنا عیسیٰ روح اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے درود وسلام کے طفیل رفعت وسبقت کو پایا۔

حضرت سیّدُنا محمد مصطفی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم کی ذات والاصفات ہی وہ ہستی ہے جس پر درختوں اور پتھروں نے سلام پڑھا، اور مقدس فرشتوں نے درود پاک بھیجا تو وہ ربّ لَم یَزَل عَزَّ وَجَلَّ کی بارگاہ میں نعمت سے نوازے گئے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ ہماری اس کاوش کو قبول ومنظور فرمائے۔ اور امّتِ مسلمہ کو اس سے استفادہ کی توفیق رفیق مرحمت فرمائے۔

العارض ابو رضا محمد راشد القادری العطاری

(اسلامک ریسرچ اسکالر، سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ)

(لیکچرار: اسلامک اسٹڈیز، سر سید یونیورسٹی انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی)





اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں،
اس غیب بتانے والے (نبی) پر، اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

فضیلت: درود شریف: ایک ایسا پاکیزہ اور نیک عمل ہے جو انسان کو اس کی نسبت سطحی سے بلند کر کے غیر معمولی رفعتوں اور عظمتوں تک آسانی سے پہنچا دیتا ہے۔ لاکھ وظیفے اور نفلی عبادات ایک طرف اور صرف درود دوسری طرف اگر خالص محبت سے پڑھا جائے تو آن کی آن میں انسان کو عجیب و غریب روحانی بلندیوں کو چھونے کے قابل بنا دیتا ہے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

05.jpg

سرکار ﷺ کے دیدار اور حوضِ کوثر کے جام پینے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

نبی اکرم، نورِ مجسم، شافع امم ﷺ کا فرمان شفاعت نشان ہے: جو شخص یہ درود پاک پڑھے اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ قیامت کے دن بھی دیکھے گا اور جو مجھے قیامت کے دن دیکھ لے گا میں اس کی شفاعت کروں گا اور میں جس کی شفاعت کروں گا وہ حوض کوثر سے پانی پیئے گا اور اس کے جسم کو اللہ عزوجل دوزخ پر حرام کردے گا۔









فضیلت: رُوَیفع بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ان الفاظ میں درود پڑھا میری شفاعت اس کے لئے ثابت ہو گی۔

07

07.jpg






اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَكُوْنُ
لَّكَ رِضًا وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً

جو شخص نمازِ فجر اور نماز مغرب کے بعد ۳۳-۳۳ بار یہ درود شریف پڑھے گا تو اس شخص کی قبر کے اور روضۂ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے گی اور روضۂ اقدس کی راحت اس کو نصیب ہوگی۔





ایک دن ایک شخص آیا۔ تو سرکار ﷺ نے اُسے اپنے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھالیا اس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تعجب ہوا یہ کون ذی مرتبہ ہے جب وہ چلا گیا تو سرکار ﷺ نے فرمایا یہ میرا اُمتی ہے۔

جب مجھ پر دُرود پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَاَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

جو شخص خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
وَذُرِّیّٰتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہٖ
وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

جو شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوضِ کوثر سے بڑے پیمانہ کے ساتھ پانی نوش کرنا چاہے، اسکو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔


درود باعث زیارت
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ
جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس
کو خواب میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔
پانچ یا سات جمعہ تک پابندی سے اسکو پڑھیں۔
12

12.jpg



دس ہزار مرتبہ درود پڑھنے کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ

اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی درمیانی رات) اس درود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا موت کے وقت سرکار مدینہ ﷺ کی زیارت کرے گا اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکار مدینہ ﷺ اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اتار رہے ہیں۔







اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ
الْكَامِلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ


اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی بیماری ہو تو وہ مغرب اور عشاء کے درمیان
اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا۔

اسّی (۸۰) سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً

جمعہ کے دن جہاں نماز عصر پڑھی ہو اسی جگہ اٹھنے سے پہلے اَسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے سے اَسّی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اَسّی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ

وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

اِمام اسماعیل بن ابراہیم مُزَنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا تو انہوں نے جواب دیا اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا اور عزت واحترام سے جنت میں لیجانے کا حکم دیا۔







اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلاَۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے تو اس کا ایمان جانے سے محفوظ ہوگا۔





ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے۔
جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَھَا اَھْلٌ

حضرت سیدنا حافظ جلال الدین السیوطی الشافعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی
نے فرمایا: اس درود پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار
مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰہِ وَکَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ

اس درود شریف کو صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درود پاک کا ثواب ملتا ہے۔





اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنُّوْرِ الذَّاتِيِّ وَالسِّرِّ السَّارِيِّ فِيْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ

اس درود پاک کو ایک بار پڑھا جائے تو ایک لاکھ بار درود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ نیز اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ درود پاک پانچ سو بار پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل حاجت پوری ہوگی۔





اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ
عِلْمِ اللّٰهِ صَلَاةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ


حضرت احمد صاوی علیہ رحمۃ اللہ الہادی بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں:
اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے
کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔





اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ وَّصَلَّ اللّٰهُ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰهْلِ بَيْتِهٖ

جو شخص چھینک آنے پر یہ درود شریف پڑھے گا تو منجانب اللہ ایک
پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے پھڑ پھڑائے گا اور عرض کرے گا کہ
اس درود شریف کے پڑھنے والے کو بخش دیجیے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔

25.jpg





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ

حضرت سفیان بن عُیینہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں نے ستر (۷۰) سال سے زیادہ حضرات تابعین رحمہم اللہ کو دورانِ طواف یہ درود شریف پڑھتے ہوئے سُنا۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَلَاَتْ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَعَیْنَیْہِ مِنْ جَمَالِکَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا

شیخ ابو عبداللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں سو مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی آخری مرتبہ میں انہوں نے حضور سے افضل درود شریف دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود شریف تعلیم فرمایا۔

27.jpg





جَزَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ

جو شخص یہ درود پڑھا کرے اس کے لیے ستّر (۷۰) ہزار فرشتے
ایک ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔





اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔





بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں جاتے یا مسجد سے نکلتے تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ، وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کا مال بڑھ جائے وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے۔

درود حصولِ رحمت



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اَفْضَلِ حَبِیْبِکَ النَّبِیِّ الْعَظِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ O

فضیلت: جو شخص اس درود شریف کو روزانہ چند بار پڑھنے کا معمول بنالے، اس کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہو جائے گا۔ جس کی بدلت بے پناہ دینی فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ درود دل کی میل کچیل کو اس طرح دھوڈالتا ہے جس طرح صابن کپڑے کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔





قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ


ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔

۱۔ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

۲۔ اگر قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو۔

۳۔ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔

33.jpg



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے وہ جنت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔









اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذِکْرِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ

یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہے۔

دُنیا و آخرت کی برکات کا حصول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

دُنیا اور آخرت کی برکتیں حاصل کرنے کے لیے اپنے وظائف معمولات کے ختم پر یہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔







اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ اِلنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ
الزَّکِیِّ صَلَاۃً تُحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ


یہ درود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ
پریشانی دور فرما دیتا ہے۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۨالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ

جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنت میں اس کا ٹھکانہ دکھا دیا جائے گا۔







اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

ہر درد اور بیماری دور ہونے کے لیے اول و آخر مذکورہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا یَبْقٰى مِنْ صَلٰوتِكَ شَیْءٌ
وَّبَارِكْ عَلَى النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا یَبْقٰى مِنْ بَرَكَاتِكَ شَیْءٌ
وَّارْحَمِ النَّبِیِّ حَتّٰى لَا یَبْقٰى مِنْ رَّحْمَتِكَ شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلَى
النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا یَبْقٰى مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کا چہرہ پل صراط سے گذرتے وقت چاند سے زیادہ چمکدار ہوگا۔





اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ
عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
سے ایسے درود شریف کے متعلق پوچھا جسکو کامل درود شریف
کہا جاسکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درودِ بالا تلقین فرمایا۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ



رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا، صحابہ رضی اللہ عنہ کو اس پر تعجب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شخص مجھ پر مذکورہ درود شریف پڑھتا ہے۔





اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ
وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّارْضِ عَنْہُ رِضًی لَّا سَخَطَ بَعْدَہٗ

جو شخص اذان کے بعد یہ درود شریف پڑھے گا
اللہ تعالٰی اسکی دُعا قبول فرمائے گا۔





وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ

حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعائے قنوت کے بعد مذکورہ الفاظ سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ

جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں باوضو یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دل سے دُعا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ دشواری دور ہو گی۔



45.jpg






اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔







جو شخص جمعہ کے دن ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ، نہ دیکھ لے۔

بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانہ کے ساتھ اسکو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا

شیخ الاسلام ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا رات و دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔





اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہوگی جس میں اس کے حُسنِ خاتمہ کی بشارت ہے۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کے لیے



اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

سید ابن عابدین نے کہا کہ میں نے اسے ایک فتنہ عظیم میں پڑھا جو دمشق میں واقع ہوا اسے ابھی دو سو مرتبہ بھی نہیں پڑھا تھا کہ مجھے ایک شخص نے آکر اطلاع دی کہ فتنہ ختم ہوگیا۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ







اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الطَّاهِرِ

ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ یہ دُرود پاک پڑھ لیجئے
بدبودار چیزیں کھانے سے منہ میں جو بدبو پیدا ہو جاتی ہے
اسے زائل کرنے کا مجرب نسخہ ہے۔





صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا سَيِّدِىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

فضائل: اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنت مولانا الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ درود شریف ترتیب دیا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ تین مختصر درود شریف کو یکجا کر دیا گیا ہے لہٰذا جو شخص ایک مرتبہ درودِ رضویہ پڑھے گا وہ حقیقتاً تین مرتبہ درود پڑھنے کا ثواب پائے گا۔ (ان شاء اللہ)








فضیلت: یہ درود شریف خاندان قادریہ کے معمولات میں سے ہے اکثر قادری بزرگ اپنے مریدوں کو اسے روزانہ ۵۱۱ مرتبہ یا ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں۔ جو شخص روزانہ اس درود شریف کو کم از کم ایک بار ضرور پڑھے۔ اسے سات نعمتیں حاصل ہوں گی۔

(۱) رزق میں برکت۔ (۲) تمام کام آسان ہو جائیں گے۔ (۳) نزع کے وقت کلمہ نصیب ہوگا۔
(۴) جاں کنی کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ (۵) قبر میں وسعت ہوگی۔ (۶) کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔
(۷) مخلوق خدا اس سے محبت کرے گی۔





اس درود شریف کو باوضو بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم کے ساتھ پڑھنا چاہیے

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ

فضیلت: اس درود پاک کو پڑھنے والا ہمیشہ رنج وغم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ لہٰذا جب کسی پر کوئی مصیبت آئے تو فوراً اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیئے، ان شاء اللّٰہ مصیبت فوراً ختم ہوجائے گی۔ یعنی زحمت رحمت میں تبدیل ہوجائے گی۔







اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَاءً

جو کوئی دن میں ۳۳ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اللہ عزوجل اس کی قبر اور قبرِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے درمیان سے حجاب دور فرما دے گا۔

ہمیشہ خوش وخرم رہنے کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیّٖنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

سعید بن عطار درحمۃ اللہ تعالٰی علیہ سے منقول ہے، جو شخص صبح وشام تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اس کے گناہ زائل کردیے جاتے ہیں اور خطائیں مٹادی جاتی ہیں، ہمیشہ خوش وخرم رہتا ہے، اس کی دعا قبول ہوتی ہے، اس کی آرزو حاصل ہوتی ہے اور دشمنوں کے خلاف اس کی مدد کی جاتی ہے۔







اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ، اَللّٰھُمَّ
یَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَعْطِ
مُحَمَّدَ نِ الدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَالْوَسِیْلَۃَ فِی الْجَنَّۃِ، اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں: ''جو میرا امتی صبح و شام یہ درود شریف پڑھے اس نے ستر لکھنے والوں کو ہزار دن تک تھکا دیا اور اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا حق ادا کر دیا اس کی اور اس کے والدین کی مغفرت ہوگئی۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ

وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا

بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلٰی



الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ
الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ
الدَّعَوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِىَ الْحَاجَاتِ وَ
يَا كَافِىَ الْمُهِمَّاتِ وَيَادَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ
اَغِثْنِىْٓ اَغِثْنِىْٓ يَا اِلٰهِىْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔



مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسراء کے دولہا پہ دائم درود
نوشہ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا ﷺ پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام


پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں
ان لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام
جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ ﷺ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
جس طرف اُٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام
جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑے
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام
کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام
63

مصادر ومراجع



کتاب	مصنّف/مؤلف	مطبوعہ
ترجمۂ کنزالایمان	اعلیٰ حضرت امام احمد خان متوفی ۱۳۴۰ھ	ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور
تفسیر روح البیان	شیخ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۱۳۷ھ	مکتبۃ عثمانیۃ، کوئٹہ
جامع الترمذی	امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی، متوفّٰی ۲۷۹ھ	دارالسلام ریاض
مسند امام احمد بن حنبل	امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۲۴۱ھ	دارالفکر بیروت
مجمع الزوائد	حافظ نورالدین علی بن ابوبکر ہیثمی متوفّٰی ۸۰۷ھ	دارالفکر، بیروت
اَلقَولُ البدِیع فی الصَّلاۃِ علَی الحَبِیبِ الشَّفِیع	امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمن السخاوی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۰۲ھ	دارالکتب العلمیۃ بیروت
کَشفُ الغُمّۃِ عَن جَمِیعِ الاُمّۃِ	امام عبدالوہاب بن احمد بن علی احمد شعرانی رحمۃ اللہ علیہ ۹۷۳ھ	دارالکتب العلمیۃ بیروت
اَفضَلُ الصَّلوٰات علیٰ سَیِّدِ السَّادَات	علامہ امام یوسف النبہانی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۳۵۰ھ	مطبوع دارالثمر عرفۃ
سَعادۃُ الدّارین فی الصّلوٰۃ علیٰ سیّدِ الکونَین	علامہ امام یوسف النبہانی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۳۵۰ھ	دارالکتب العلمیۃ بیروت
مَطالِعُ المَسَرّات بِجلاءِ دَلائلُ الخَیرات	الشیخ امام محمد المہدی الفاسی رحمۃ اللہ علیہ متوفی	مرکز الاولیاء لاہور
اَلرَّوضُ الفَائِق فِی المَواعِظِ وَالرَّقَائِق	الشیخ شعیب الحریفیش رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۸۱۰ھ	مکتبۃ المدینۃ کراچی
اَعمالِ رَضا	اعلیٰ حضرت امام احمد خان متوفی ۱۳۴۰ھ	مدینۃ الاولیاء ملتان
ذَرِیعۃُ الوُصُولِ الیٰ جناب الرسول	حضرت مخدوم محمد ہاشم سندھی ٹھٹھوی، متوفی ۱۱۳۸ھ	مکتبہ لدھیانوی، فیڈرل بی ایریا، کراچی
آبِ کوثر	الحاج مفتی محمد امین صاحب مدّظلّہٗ العالی	مکتبۃ المدینۃ، کھارادر کراچی

سرٹیفکیٹ

مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

دُرُود و سَلام کا حَسِین گلدستہ

کی عربی عبارات کی تصحیح کرادی گئی ہے۔

اب اس میں عبارت اوراعراب کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

دستخط
محمد حسام اللہ شریفی)
رجسٹرڈ پروف ریڈر برائے قرآن حکیم
مقرر کردہ
وزارت امور مذہبی حکومت پاکستان

